بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

خُذِ الکتٰبَ بقوۃ

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

# ٹینڈر دستاویزات

## برائے خرید جوابی کاپی

## مالی سال 2026-27

# فہرست


| نمبر شمار | تفصیل | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | ٹینڈر نوٹس | 1 |
| 2 | ٹینڈر دہندگان کے لیے ہدایات | 2 |
| 3 | اشیاء کی تفصیل/تعداد و تصریحات | 3 |
| 4 | عمومی شرائط برائے ٹینڈر دہندگان | 4 |
| 5 | خصوصی شرائط برائے ٹینڈر دہندگان | 5-6 |
| 6 | فراہمی کے نظام الاوقات | 7 |
| 7 | تفصیل بابت شکایات ازالہ کمیٹی | 8 |
| 8 | ٹیکنیکل ایویلوایشن کا معیار اور بڈ ایویلوایشن کا طریقہ | 9 |
| 9 | ٹیکنیکل پروپوزل برائے کیٹیگری-I تا III | 10 |
| 10 | فنانشل پروپوزل برائے کیٹیگری-I | 11 |
| 11 | فنانشل پروپوزل برائے کیٹیگری-II | 12 |
| 12 | فنانشل پروپوزل برائے کیٹیگری-III | 13 |
| 13 | معاہدہ کا فارم | 14 |

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

نمبر: **3028** سٹورز     مورخہ: **05-09-2026**

## ٹینڈر نوٹس

بورڈ ہذا کو درج ذیل تفصیل کے مطابق جوابی کاپی کی خرید کے سلسلہ میں انکم ٹیکس،سیلز ٹیکس کے تحت رجسٹرڈ فرموں/ڈیلرز/ملز/ٹھیکیداران سے پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت ٹینڈر مطلوب ہیں۔

### کیٹیگری-I

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی کاپی میٹرک (نہم،دہم) | 24 صفحات | 35,00,000 | 35,000 بنڈل (100 کاپی فی بنڈل) | 6,32,10,000/- روپے | 31,60,500/- روپے |

### کیٹیگری-II

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ (پارٹ-I،II) | 32 صفحات | 23,00,000 | 23,000 بنڈل (100 کاپی فی بنڈل) | 4,81,62,000/- روپے | 24,08,100/- روپے |

### کیٹیگری-III

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عملی جوابی کاپی میٹرک | 04 صفحات | 6,25,000 | 2,500 بنڈل (250 کاپی فی بنڈل) | 28,43,750/- روپے | ------------------ |
| 2 | عملی جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ | 08 صفحات | 2,25,000 | 900 بنڈل (250 کاپی فی بنڈل) | 15,57,000/- روپے | ------------------ |
| | | | | **ٹوٹل** | **44,00,750/- روپے** | **2,20,037/- روپے** |

-1 یہ ٹینڈر مورخہ **28-09-2026** بوقت **1:30 PM** تک بذریعہ پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت آن لائن موصول/submit ہو جانے چاہئیں۔دستی/رجسٹرڈ ڈاک/کوریئر سروس کے ذریعہ موصول ہونے والے ٹینڈرز قابل قبول نہ ہوں گے۔

-2 یہ ٹینڈر اسی روز بوقت **2:00 PM** ٹینڈر دہندگان/با اختیار نمائندگان جو بھی موجود ہونگے کی موجودگی میں آن لائن کھولے جائینگے۔

-3 ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ کیٹیگری وائز Estimated Price کے 5% کی بِڈ سیکورٹی پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت مذکورہ پورٹل پر اَپ لوڈ/ پراسس کریں۔

-4 سیکرٹری بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 35 کے تحت یہ اختیار ہوگا کہ وہ تمام ٹینڈر مسترد کر دیں۔

-5 علاوہ ازیں خریداری پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 38(a)2 کے تحت سنگل سٹیج۔دو لفافہ جات طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی۔

-6 ٹینڈر دستاویزات/ فارم بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ https://www.bisegrw.edu.pk یا PPRA کی ویب سائیٹ https://ppra.punjab.gov.pk سے مفت ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

-7 PPRA کی ویب سائٹ کا URL (**https://eproc.punjab.gov.pk/Admin_Tender_Search.aspx**) ہے اور ٹینڈر کا وقت (Response Time) بھی PPRA کی ویب سائٹ پر اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے شمار کیا جائے گا۔

سیکرٹری

# ٹینڈر دھندگان کے لیے ہدایات

-1 ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ کیٹیگری وائز Estimated Price کے 5% کی بڑ سیکورٹی پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت مذکورہ پورٹل پر اَپ لوڈ/ پراسس کریں۔ٹینڈر ہذا کی مکمل دستاویزات ہر صورت ٹینڈر کی آخری تاریخ مورخہ **28-09-2026** کو بوقت **1:30PM** بجے تک پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت آن لائن موصول/submit ہو جانی چاہئیں۔

-2 ٹیکنیکل پرو پوزلز اسی روز بوقت 2:00 بجے گوجرانوالہ بورڈ لوہیانوالہ بائی پاس، گوجرانوالہ کے کانفرنس روم میں ٹینڈر دہندگان/نمائندگان (جو کہ موجود ہوں گے) کے روبرو کھولے جائیں گے۔

-3 ٹینڈر دہندہ کو متعلقہ نمونہ جات دستی یا بذریعہ کوریئر جمع کروانا ہوں گے۔ٹینڈر دہندگان کی توجہ Technical Evaluation Criteria کی طرف دلائی جاتی ہے کہ اپنے ٹینڈر کو مطلوبہ ابتدائی دستاویزات کے مطابق درست (Responsive) بنائیں۔

-4 ٹینڈر دہندہ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا یقین کر لے کہ ٹینڈر پنجاب E-Procurement سسٹم پر اَپ لوڈ/submit کرنے سے قبل تمام عوامل کی چھان بین کر لی گئی ہے اوران پر عمل درآمد کر لیا گیا ہے اورٹینڈر دہندہ کی کسی بھی کوتاہی کی وجہ سے کسی قسم کے مالی دعوی کی ایڈجسٹمنٹ قابل قبول نہ ہو گی۔

-5 دفتر ہذا نے ٹینڈر دہندہ بارے یہ بات تصور کر لی ہے کہ اس نے ٹینڈر ہذا کی شرائط وضوابط اورتصریحات، درستگی، معاہدہ اور قیمت/ لاگت جو کہ ٹینڈر میں دی گئی ہے، کے بارے میں تمام تسلی واطمینان کر لیا ہے۔

-6 یہ بات واضح طور پر سمجھ لینی چاہیے کہ شرائط اورتصریحات پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا۔ بورڈ ہذا کی طرف سے مقدار میں اضافہ بارے طلب اور منظوری کے علاوہ معاہدہ کی تمام مدت کے دوران ماسوائے اس کے کہ کسی چیز کی تعداد بڑھائی گئی ہو لاگت میں کسی بھی قسم کے اضافہ کی اجازت نہ ہو گی۔

-7 کامیاب ٹینڈر دہندہ مکمل طور پر ہر قسم کی ترسیلات بورڈ ہذا کے سٹورز تک پہنچانے اور وصول کروانے کا ذمہ دار ہو گا۔

-8 ٹینڈر دہندگان کے لیے ضروری ہے کہ ٹینڈر دستاویزات میں نام، ٹائیٹل، رابطہ نمبر (موبائل، واٹس ایپ)، فیکس نمبر اور ای۔میل ایڈریس واضح طور پر ظاہر کرے۔جس کے ذریعے ٹینڈر مکمل ہونے تک خط وکتابت کی جا سکے۔

-9 ٹینڈر ہذا کی کامیاب تکمیل یا کینسل ہونے کی صورت میں ٹینڈر اشیاء کی تیاری یا ترسیل کے سلسلہ میں ٹینڈر دہندہ کی طرف سے خرچ کردہ کسی بھی قسم کے اخراجات یا لاگت بارے بورڈ ذمہ دار نہ ہو گا۔

-10 اشیاء/ خدمات مقررہ وقت کے اندر فراہم نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر دستاویزات میں درج طریقہ کار کے مطابق جرمانہ وضروری کارروائی کی جائے گی۔

-11 ٹینڈر ہذا بارے خط وکتابت کے لیے ابتدائی یا ثانوی رابطہ کار درج ذیل ہیں۔

دستخط ومہر فرم

| | |
|---|---|
| **ابتدائی رابطہ کار** | **ثانوی رابطہ کار** |
| ڈپٹی سیکرٹری سٹورز | سیکرٹری |
| 055-9200787 | 055-9200744 |

# اشیاء کی تفصیل/تعداد و تصریحات

## کیٹیگری-I

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی کاپی میٹرک (نہم، دہم) | 24 صفحات | 35,00,000 | 35,000 بنڈل (100 کاپی فی بنڈل) | -/6,32,10,000 روپے | -/31,60,500 روپے |

## کیٹیگری-II

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ (پارٹ-I،II) | 32 صفحات | 23,00,000 | 23,000 بنڈل (100 کاپی فی بنڈل) | -/4,81,62,000 روپے | -/24,08,100 روپے |

## کیٹیگری-III

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عملی جوابی کاپی میٹرک | 04 صفحات | 6,25,000 | 2,500 بنڈل (250 کاپی فی بنڈل) | -/28,43,750 روپے | ------------------ |
| 2 | عملی جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ | 08 صفحات | 2,25,000 | 900 بنڈل (250 کاپی فی بنڈل) | -/15,57,000 روپے | ------------------ |
| | | | | ٹوٹل | **-/44,00,750 روپے** | **-/2,20,037 روپے** |

### -1 جوابی کاپیوں کی تیاری میں استعمال ہونے والے کاغذ کی تصریحات

*** Texture = Bluish High Finish**
*** Grammage = 68GSM min.**
*** Burst Factor = 12 min.**
*** Brightness = 80 min.**
*** Opacity = 90 min.**
*** Size = 17" x 27"**
(Average must not be less than minimum specified value of Texture, GSM, Burst Factor, Brightness, Opacity and size)
*** Glazeness = Both sides Glazed**
*** Having no ink penetration/spread**

### -2 جوابی کاپی کا سائز

After Trimming the size of Answer Book must be as under:
**Vertical = 8.25" min**
**Horizontal = 13.25" min**

### -3 جوابی کاپیوں کو پیک کرنے کے لیے استعمال ہونے والے کورے لٹھے کی تصریحات

**Weight:** 110GSM min
**End per Inch:** 76
**Pick per Inch:** 66 (Total of both must be 142 min)

### -4 جوابی کاپیوں کو سلائی کے لیے ٹانکے کی تصریحات

**Stitching:** 4 stitches per inch

دستخط و مہر فرم

# عمومی شرائط برائے ٹینڈر دھندگان

1. ٹینڈر دہندہ فرموں، ڈیلرز، ملز اور سٹاکسٹس کے لیے ضروری ہے کہ وہ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس رجسٹرڈ اور پروفیشنل ٹیکس گزار ہوں۔
2. ٹینڈر میں پیش کردہ نرخ 120 ایام کے لئے متصور ہونگے۔
3. ٹینڈر بغیر کانٹ چھانٹ اور غیر مشروط ہوں۔ ریٹ بمع ٹیکسز دیئے جائیں۔ تمام قسم کے ٹیکسز کی کٹوتی مروجہ قوانین کے مطابق کی جائے گی۔
4. ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ Estimated Price کے 5% کی بڈ سیکورٹی پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت مذکورہ پورٹل پر اَپ لوڈ/ پراسس کریں۔ بڈ سیکورٹی نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔
5. کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ورک آرڈر جاری ہونے سے قبل ورک آرڈر کی کل مالیت کے 10 % (دس فیصد) کی پرفارمنس گارنٹی پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت مذکورہ پورٹل پر اَپ لوڈ/ پراسس کرنا ہوگی اور ٹینڈر کی کل مالیت کے 0.25% کے حساب سے E-Stamp پیپرز برائے معاہدہ نرخ منظوری کے مراسلہ کے سات ایام کے اندر فراہم کرنا ہونگے۔
6. نرخ منظوری کے مراسلہ کے اجراء کی تاریخ سے سات ایام کے اندر اندر اشٹام پیپرز اور 10% پرفارمنس گارنٹی فراہم نہ کرنے کی صورت میں -/500 روپے یومیہ جرمانہ عائد کیا جائے گا جو فرم کے بل سے منہا کر لیا جائے گا۔ بیس ایام تک اشٹام پیپرز برائے معاہدہ اور 10% پرفارمنس گارنٹی فراہم نہ کرنے کی صورت میں فرم کی بڈ سیکورٹی بھی ضبط کی جاسکتی ہے اور ٹینڈر کی منسوخی بھی ہوسکتی ہے۔
7. پرفارمنس گارنٹی، اشٹام پیپرز برائے معاہدہ کی فراہمی اور ورک آرڈر کے اجراء سے قبل نرخ منظوری کے مراسلہ کو ہی ورک آرڈر تصور کیا جائے گا اور سپلائی کی تاریخ بھی نرخ منظوری کے مراسلہ کے اجراء سے ہی شروع ہوگی۔
8. پنجاب E-Procurement سسٹم پر جاری شدہ ورک آرڈر اور بورڈ ہذا کی طرف سے جاری شدہ نرخ منظوری کے مراسلہ/ ورک آرڈر کی تواریخ میں فرق آسکتا ہے۔ تاہم سپلائی بارے حتمی تواریخ کا تعین بورڈ ہذا کی طرف سے جاری کردہ نرخ منظوری کے مراسلہ/ ورک آرڈر سے کیا جائے گا۔
9. سیکرٹری بورڈ ہذا فرم سے کم یا زیادہ تعداد میں خریداری کے مجاز ہونگے نیز کسی بھی آئیٹم کی خریداری کینسل بھی کی جاسکتی ہے۔
10. علاوہ ازیں ناکام ٹینڈر دہندگان یا کامیاب ٹینڈر دہندگان کی بڈ سیکورٹی یا پرفارمنس سیکورٹی کی واپسی پنجاب E-Procurement سسٹم کے مجوزہ طریقہ کار کے تحت واپس کی جائے گی۔
11. PPRA رولز، ٹینڈر شرائط اور معاہدہ میں سے کسی شق کی خلاف ورزی یا غلط معلومات/ ڈاکومنٹس دینے اور کام میں مسلسل تاخیر کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار /فرم کو خرید کمیٹی کی سفارشات پر جرمانہ، CDR کی ضبطگی یا بمطابق پیپرا رولز بلیک لسٹ بھی کیا جاسکتا ہے۔
12. سیکرٹری بورڈ اور ٹھیکیدار کے درمیان اختلاف کی صورت میں جناب چیئرپرسن بورڈ ہذا بمطابق پیپرا رول 68 بطور واحد ثالث فیصلہ کرنے کے مجاز ہونگے۔
13. کسی نالش کی صورت میں معاملہ گوجرانوالہ کی سول عدالت کے علاوہ کسی اور عدالت میں دائر نہیں کیا جائے گا۔
14. سیکرٹری بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 35 کے تحت یہ اختیار ہوگا کہ وہ تمام ٹینڈر مسترد کر دیں۔
15. مال سپلائی کیلئے باربرداری، لوڈنگ، ان لوڈنگ، انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، یا کسی بھی اور قسم کے رائج الوقت ٹیکس (وفاقی/صوبائی) کی شرح میں تبدیلی (کمی/بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ذمہ ہوگی۔
16. مال کی سپلائی دفتری اوقاتِ کار میں وصول کی جائے گی۔

دستخط و مہر فرم

# خصوصی شرائط برائے ٹینڈر دھندگان

1. ٹینڈر کے ہمراہ جوابی کاپی کے لیے استعمال ہونے والے کاغذ کا ایک مل پیک رِم جس پر فرمز کے دستخط و مہر ثبت ہوں فراہم کرنا ہوگا۔

2. ٹینڈر دہندگان کی طرف سے فراہم کردہ پیپر رِم (بطور نمونہ) ٹینڈر میں درج تصریحات کے مطابق رپورٹ PCSIR لیبارٹری یا کسی بھی اور لیبارٹری سے کروائی جائے گی جس کے اخراجات ٹینڈر دہندہ کے ذمہ ہوں گے۔ اس سلسلہ میں فرم نمونہ کے ہمراہ مبلغ 20,000 روپے کا بینک ڈرافٹ بنام BISE GRW (ناقابل واپسی) بنوا کر فراہم کرے گی۔ پیپر کی رپورٹ تصریحات کے مطابق نہ ہونے کی صورت میں فرم Non-Responsive تصور ہوگی۔

3. ٹینڈر دہندہ کے لیے امتحانی جوابی کاپی (کیٹیگری-I کے لیے 30 لاکھ جوابی کاپی سالانہ، کیٹیگری-II کے لیے 15 لاکھ جوابی کاپی سالانہ اور کیٹیگری-III کے لیے 05 لاکھ جوابی کاپی سالانہ) سپلائی کرنے کا تجربہ ہونا لازم ہے (تجربہ کی مد میں **2018** و مابعد کے ورک آرڈر شمار کیے جائیں گے)۔ مذکورہ تجربہ نہ ہونے کی صورت میں فرم Non-Responsive تصور ہوگی۔

4. فرم کا اپنا دفتری خانہ ہو اور افرادی قوت کم از کم 50 افراد پر مشتمل ہو۔

**5.** جوابی کاپی کی تیاری میں رولنگ، فولڈنگ، سلائی، نمبرنگ، بنڈلنگ اور پیکنگ بمطابق ہدایات کرنا شامل ہے۔

6. کیٹیگری-I اور II کی جوابی کاپیوں کی تعداد 100 کاپی فی بنڈل ہوگی جبکہ کیٹیگری-III کی جوابی کاپیوں کی تعداد 250 کاپی فی بنڈل ہوگی۔

7: **جوابی کاپیوں کی بائنڈنگ/ پیکنگ درج ذیل طریقہ کار کے مطابق ہوگی۔**

i. جوابی کاپی پوٹریٹ تیار کی جائے۔ رولنگ انگلش طرز (بمطابق دفتری نمونہ) پر کی جائے گی۔

ii. تمام کاپیوں کی کورشیٹ کی فراہمی بذمہ دفتر ہوگی جبکہ ہدایات کے ورق کی پرنٹنگ بذمہ فرم ہوگی۔

iii. دفتر کی طرف سے فراہم کردہ کورشیٹ اور ہدایات کے ورق کو جوابی کاپی پر سلائی کرنا ہوگا۔

v. جوابی کاپیوں کی سلائی کے دوران جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے سے الگ کرنے کے لیے سلائی کے دھاگہ کو ہاتھ سے نہ توڑا جائے بلکہ قینچی یا بلیڈ سے کاٹا جائے۔

vi. بورڈ ہذا کی طرف سے فراہم کردہ تمام کورشیٹ فرم کے دفتری خانہ تک لے جانا فرم کے ذمہ ہوگا جس کے اخراجات بذمہ فرم ہوں گے اور کورشیٹ کی لوڈنگ اَن لوڈنگ بھی بذمہ فرم ہوگی۔ نیز جوابی کاپیوں کی سپلائی بنڈلز کی صورت میں بورڈ ہذا کے سٹور میں پہنچانے/ وصول کروانے کی ذمہ داری بھی فرم کی ہوگی۔

vii. جوابی کاپیوں کو ایک سائیڈ سے سلائی کرنا ہوگا۔ سلائی کرنے کیلئے سلائی مشینوں اور دھاگے کا انتظام کرنا بذمہ فرم ہوگا۔ سلائی دفتری تصریحات کے مطابق کرنا ہوگی۔

viii. تمام جوابی کاپیوں کے بنڈلوں کو پولی تھین کے لفافوں میں پیک کر کے چاروں اطراف سے سوتری/ پلاسٹک گوٹ کے ساتھ باندھ کر کورے لٹھے (بمطابق نمونہ) کے تھیلوں میں پیک کرنا ہوگا نیز تھیلوں کے لیے استعمال ہونے والا کپڑا بغیر جوڑ کے ہونا چاہیے۔ پیکنگ کیلئے پولی تھین کے لفافے، سوتری/ پلاسٹک گوٹ کورے لٹھے اور دھاگہ کا انتظام بذمہ فرم ہوگا۔

ix. پیک شدہ ہر بنڈل پر درج ذیل الفاظ پرنٹ یا مارکہ سے لکھنے ہونگے۔

(a) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ (ب) بنڈلوں پر جوابی کاپی کی تعداد ہندسوں میں 100 اور پریکٹیکل کاپیوں کی 250 تحریر کرنا ہوگا۔
(ج) جوابی کاپیوں کے بنڈلوں کے اوپر کاپی سیریل نمبر لکھنے کیلئے 0000001 تا 9999999 جوابی کاپی برائے امتحان میٹرک/ انٹرمیڈیٹ اور بنڈل نمبر لکھنا ہوگا۔ نیز کپڑے کے تھیلہ پر میٹرک کے لیے کالی روشنائی اور انٹرمیڈیٹ کے لیے نیلی روشنائی سے سکرینگ/ پرنٹنگ کرنا ہوگی۔ جبکہ پریکٹیکل جوابی کاپیوں کے تھیلہ پر میٹرک کے لیے کالی روشنائی اور انٹرمیڈیٹ کے لیے نیلی روشنائی سے سکرینگ/ پرنٹنگ کرنا ہوگی۔

x. جوابی کاپیوں کے بنڈلوں پر درج ذیل طریقہ کے مطابق سٹیکر لگانا ہوگا۔ (پرنٹڈ کاغذ جس پر بورڈ کا مونوگرام (بغیر آیت)

(a) سٹکر گلیو کے ساتھ مضبوطی سے چسپاں کیے جائیں۔ سٹکر چسپاں کرنے کیلئے سٹکر اور گلیو کا انتظام فرم خود کرے گی۔

(b) تمام کاپیوں کے بنڈلز پر بعد از پیکنگ منہ کی طرف سٹیکر چسپاں ہونے چاہیں۔ بنڈلز کے منہ کی طرف سے سلائی کی جگہ بغیر سٹیکر کے نہ رہے۔

xi. تمام کاپیوں کی بنڈلنگ ترتیب وار سیریل نمبر کے حساب سے کرنا ہوگی۔

xii. تیار شدہ مال دفتری خانہ سے کنڈکٹ سٹورز کے کمروں میں ترتیب وار رکھوانا بذمہ فرم ہوگا۔

7: کاپیوں کی بائنڈنگ میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک یا ایک سے زائد نقائص پائے جانے کی صورت میں جناب چیئرپرسن خرید کمیٹی کی سفارش پر بل سے جرمانے کی کٹوتی کرنے کے مجاز ہونگے۔(i) جوابی کاپی کورشیٹ/ہدایت کے ورق کے بغیر ہوئی (ii) کاپی کے اوراق کم یا زیادہ ہوئے (iii) کسی بنڈل سے کاپیاں کم یا زیادہ تعداد میں نکلیں (iv) دو کاپیاں اکٹھی سلائی کی گئیں (v) بنڈل پر درج سیریل نمبر اور بنڈل میں موجود کاپی کا سیریل نمبر مختلف ہو/پولی تھین کے لفافے/تھیلوں کیلئے استعمال ہونے والے کپڑا تصریحات کے مطابق نہ ہو یا کپڑے کے تھیلے میں ایک سے زائد جوڑ ہوں (vi) کپڑے کے تھیلے پھٹے ہوئے ہوں (vii) ڈوپلیکیٹ بنڈل نمبر۔

درج بالا اغلاط/نقائص کی صورت میں درج ذیل شرح سے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

| نمبر شمار | تعداد اغلاط | جرمانہ |
|---|---|---|
| i | 500 اغلاط تک | 20,000 روپے |
| ii | 1000 اغلاط تک | 30,000 روپے |
| iii | 2000 اغلاط تک | 50,000 روپے |
| iv | اغلاط 2000 سے زائد ہونے کی صورت میں 50,000 روپے جمع فی غلطی -/30 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ | |

ایسی تمام اغلاط والی کاپیوں میں استعمال ہونے والے کاغذ/کورشیٹ کی قیمت بھی ٹھیکیدار کے بل سے منہا کی جائے گی۔

8. کمترین نرخ دہندہ فرم کو نرخ منظوری کے مراسلہ/ورک آرڈر کے اجراء سے سات ایام کے اندر اندر جوابی کاپیوں کی تیاری کا کام بہرصورت شروع کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر دس ایام گزر جانے تک فرم کی کارکردگی غیر تسلی بخش ہونے پر متعلقہ کمیٹی کی رپورٹ پر فرم کے خلاف ورک آرڈر منسوخ کیے جانے کی کاروائی بھی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

9. جوابی کاپی کے کاغذ اور پیکنگ کے لیے استعمال ہونے والے کپڑے کی تصریحات کی چیکنگ PCSIR، TTI یا کسی بھی اور لیبارٹری سے کروائی جائے گی جس کے اخراجات بذمہ فرم ہوں گے۔ نیز تصریحات کی چیکنگ کروانے کے لیے نمونہ جات کی کم از کم تعداد 03 ہوگی۔

10. کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ورک آرڈر کے مطابق جوابی کاپیوں کی سپلائی مکمل ہونے پر سپلائی کردہ جوابی کاپیوں کے کاغذ اور پیکنگ کے لیے استعمال ہونے والے کپڑے کی رپورٹ دفتری تصریحات کے مطابق ہونے اور متعلقہ برانچ کی درست کارگردگی رپورٹ پر خرید کمیٹی کی سفارشات اور جناب چیئرپرسن کی منظوری پر بل کی 100% ادائیگی کردی جائے گی۔

11. فراہم کردہ جوابی کاپی کی تصریحات کا تعین نمونہ جات کے لیبارٹری سے پڑتال کروانے کے بعد مقررہ شدہ تصریحات کے اوسط معیار کے مطابق کیا جائے گا۔ ٹینڈر میں درج جوابی کاپی کی تصریحات میں مقررہ مقداروں میں 5% تک کمی کی صورت میں جوابی کاپی قابل قبول ہوں گے لیکن بل سے اُسی نسبت سے تمام سپلائی پر کٹوتی خرید کمیٹی کی سفارشات پر کی جائے گی اور کٹوتی کی رقم کے برابر حد تک جرمانہ بھی عائد کیا جاسکتا ہے۔ اگر فرم کو یہ صورت حال قبول نہ ہو تو تمام سامان تبدیل کرنا ہوگا۔

**12. <u>ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ کیٹیگری-III کے لیے دو طرح کے نرخ فراہم کریں تاہم بورڈ ہذا کی ضرورت کے پیش نظر دونوں میں سے ایک کے لیے ورک آرڈر جاری کیا جائے گا۔</u>**

**<u>i-</u> <u>پریکٹیکل جوابی کاپی کے نرخ کورشیٹ کی سلائی سمیت</u>**

**<u>ii-</u> <u>پریکٹیکل جوابی کاپی کے نرخ بغیر کورشیٹ سلائی (سابقہ سالوں کی طرح)</u>**

13. ٹینڈر بذریعہ پنجاب E-Procurement سسٹم آن لائن ہی جمع/Submit کیا جائے۔ نیز Technical Evaluation Criteria کے مطابق تمام دستاویزات پنجاب E-Procurement سسٹم پر منسلک/اپ لوڈ کرنا ہوں گے۔

دستخط و مہر فرم

# فراهمی کے نظام الاوقات (Delivery Schedule)

1. کامیاب ٹینڈر دہندہ کو نرخ منظوری کے مراسلہ کے اجراء کے بعد جوابی کاپیوں کی سپلائی کا عرصہ بورڈ کی جانب سے کورشیٹ کی فراہمی کی تاریخ سے شروع ہوگا جس سے کیٹیگر ی-I کی سپلائی 45 ایام کے اندر اندر، کیٹیگر ی-II کی سپلائی 30 ایام کے اندر اندر جبکہ کیٹیگری-III کی سپلائی 15 ایام کے اندر اندر دفتر ہذا کے کیمپس لوہیانوالہ گوجرانوالہ میں فراہم کرنا ہوگی۔فرم تمام سپلائی دفتری اوقات کار میں بورڈ کے سٹورز تک پہنچانے کی پابند ہوگی۔
2. جوابی کاپیوں کی سپلائی کے ڈلیوری چالان پر بنڈلز نمبر اور جوابی کاپیوں کے سیریل نمبر لازماً تحریر کرنا ہوں گے۔
3. (i) کیٹیگری-I اور II کی سپلائی میں تاخیر کی صورت میں بورڈ ہذا 10,000 روپے یومیہ جرمانہ عائد کرے گا۔جبکہ تاخیر 15 ایام سے زائد ہونے کی صورت میں فی یوم جرمانہ 20,000 روپے عائد کیا جائے گا۔
   (ii) کیٹیگری-III کی سپلائی میں تاخیر کی صورت میں بورڈ ہذا 5,000 روپے یومیہ جرمانہ عائد کرے گا۔جبکہ تاخیر 15 ایام سے زائد ہونے کی صورت میں فی یوم جرمانہ 10,000 روپے عائد کیا جائے گا۔
4. تاریخ تکمیل کے 30 ایام کے بعد بھی سپلائی مکمل نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کی سپلائی میں ناکامی تصور کی جائے گی۔سپلائی میں ناکامی کی صورت میں بورڈ ہذا کامیاب ٹینڈر دہندہ کے خرچہ و ہرجہ (Risk & Cost) پر خریداری/ کام مکمل کروانے کا بندوبست کرسکتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری کامیاب ٹینڈر دہندہ پر ہوگی۔ایسی صورت میں تمام نقصان متعلقہ ٹھیکیدار سے پورا کیا جائے گا۔
5. مزید برآں کورشیٹ اُٹھانے کی اطلاع کے بعد 30 ایام کا عرصہ گزرنے کے بعد سپلائی شروع نہ کرنے کی صورت میں پیپرا رولز کی شق نمبر 21(1)a,b,c کے تحت کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

دستخط و مہر فرم

## کمیٹی برائے ازالہ شکایات (Redressal Grievances Committee)

1. ٹینڈر دہنگان کی شکایات کے ازالہ کے لیے ایک آزاد کمیٹی برائے ازالہ شکایات تشکیل دی گئی ہے ایسی کسی بھی صورت حال میں Technical Evaluation Report کے اجراء کی تاریخ سے پانچ ایام کے اندر اور Final Evaluation Report کے اجراء کی تاریخ سے دس ایام کے اندر بمطابق پیپرا رول نمبر (3)67 Redressal Grievances Committee کو پنجاب E-Procurement پورٹل پر عرضداشت پیش کی جاسکتی ہے۔ یہ کمیٹی فریقین کا موقف سننے کے بعد جملہ متنازعہ امور کا فیصلہ بمطابق پیپرا رول (5)67 پندرہ دن کے اندر کرے گی۔
2. پیپرا رول (4)67 کے مطابق ٹینڈر دہندگان فنانشل پر پوزل کھلنے سے پہلے تک پنجاب E-Procurement پورٹل پر Grievances Petition داخل کر سکتے ہیں۔ فنانشل پر وپوزل کھلنے کے بعد ٹیکنیکل گراؤنڈ پر کوئی Petition داخل نہ کی جاسکے گی اس کے بعد صرف فنانشل امور پر Petition داخل کی جاسکتی ہے۔

## سرٹیفیکیٹ از ٹینڈر دهنده فرم:

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ ٹینڈر دستاویزات جو کہ صفحہ نمبر 1 تا 14 پر مشتمل ہیں کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔ ٹینڈر دینے سے قبل فرم نے تسلی کر لی ہے کہ مطلوبہ سامان مقررہ تواریخ میں فراہمی کا بندوبست کر لیا گیا ہے اور بجلی، گیس کی لوڈ شیڈنگ، آمدورفت کے معاملات اور مشینوں کی خرابی وغیرہ سپلائی کے شیڈول پر اثر انداز نہ ہوگی۔

دستخط و مہر فرم

# ٹیکنیکل ایویلوایشن کا طریقہ کار برائے کیٹیگری-I تا III

-1 ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس رجسٹرڈ ہوں۔ سروسز کی فراہمی یا ایسی خدمات و اشیاء جن پر پنجاب ریوینو اتھارٹی سے عائد کردہ ٹیکس لاگو ہیں ان سے رجسٹرڈ ہونا بھی ضروری ہے۔ کوئی بھی فرم/کمپنی یا سول پروپرائٹر اگر رجسٹرڈ نہ ہوا تو وہ ٹینڈر میں شمولیت اختیار کرنے کا اہل نہ ہے۔

-2 ایسے ٹینڈر دہندگان جو شق نمبر 1 کے تحت رجسٹرڈ ہیں لیکن پروفیشنل ٹیکس ادا نہیں کر رہے ان کے لیے لازم ہوگا کہ وہ ورک آرڈر جاری ہونے سے قبل رجسٹریشن کروائیں۔

-3 خصوصی شرائط کی شق نمبر 1 کے مطابق ٹیکنیکل پرپوزل کے ہمراہ ہائی فنش بلیوایش پیپر کا ایک رِم (مِل پیک) بطور نمونہ فراہم کرنا لازم ہے نیز خصوصی شرائط کی شق نمبر 3 کے مطابق جوابی کاپی سپلائی کرنے کا تجربہ ہونا بھی لازم ہے۔ (تجربہ کی مد میں **2018** و مابعد کے ورک آرڈر شمار کیے جائیں گے)۔

-4 درج ذیل امور میں مقرر کردہ نمبروں میں سے حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر ٹیکنیکل ایویلوایشن کا معیار مقرر کیا گیا ہے، 70% یا زائد حاصل کردہ نمبرز والے ٹینڈر دہندگان کی فنانشل پرپوزلز کھولی جائیں گی۔

| سیریل نمبر | تفصیل | مقررہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | ٹینڈر کے ساتھ فراہم کردہ پیپر کے رِم کی PCSIR لیبارٹری سے رپورٹ دفتری تصریحات کے مطابق ہونے پر (فراہم کردہ پیپر کی رپورٹ دفتری تصریحات کے مطابق نہ ہونے کی صورت میں 0 نمبر دیا جائے گا) | 34 |
| 2 | جوابی کاپی سپلائی کرنے کا تجربہ (کیٹیگری-I کے لیے 30 لاکھ جوابی کاپی سالانہ، کیٹیگری-II کے لیے 15 لاکھ جوابی کاپی سالانہ اور کیٹیگری-III کے لیے 05 لاکھ جوابی کاپی سالانہ) فی سال 11 نمبر (ورک آرڈرز کی کاپیاں لف کریں) | 33 |
| 3 | کیٹیگری-i,ii کے لیے سالانہ ٹرن اوور کم از کم رقم 50 ملین فی سال جبکہ کیٹیگری iii کے لیے سالانہ ٹرن اوور کم از کم رقم 11 ملین فی سال 11 نمبر (بینک کی طرف سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ لف کریں بینک سٹیٹمنٹ قابل قبول نہ ہوں گی) | 33 |

# پیش کش/بڈ کی منظوری کا طریقہ کار

-1 صرف Responsive بڈرز/ٹینڈر دہندگان جو کہ مندرجہ بالا طریقہ کار پر پورے اتریں گے اُن کی فنانشل پرپوزلز کھولی جائیں گی۔

-2 Responsive بڈر/ٹینڈر دہندہ جس کے نرخ کیٹیگری وائز کم ترین (Accumulative / Overall) ہوں گے اس کو ٹینڈر الاٹ کیا جائے گا۔

دستخط و مہر فرم

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

ٹینڈرنمبر:**3028**سٹورز ٹینڈر رکھولنے کی تاریخ:**05-09-2026**

## "ٹیکنیکل پروپوزل" برائے خرید جوابی کاپی (کیٹیگری-I،II اور III)

نام فرم:------------------------------------پتہ:------------------------------------------------------------------

ای میل ایڈریس:------------------------WhatsApp:--------------------موبائل نمبر:--------------------------

**کیٹیگری-I**

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Quoted / Not-Quoted |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی کاپی میٹرک (نہم، دہم) | 24 صفحات | 35,00,000 | 35,000بنڈل (100 کاپی فی بنڈل) | |

**کیٹیگری-II**

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Quoted / Not-Quoted |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ (پارٹ-I،II) | 32 صفحات | 23,00,000 | 23,000بنڈل (100 کاپی فی بنڈل) | |

**کیٹیگری-III**

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | Quoted / Not-Quoted |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عملی جوابی کاپی میٹرک | 04 صفحات | 6,25,000 | 2,500بنڈل (250 کاپی فی بنڈل) | |
| 2 | عملی جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ | 08 صفحات | 2,25,000 | 900بنڈل (250 کاپی فی بنڈل) | |

**سرٹیفکیٹ:**

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی، خصوصی وڈیلیوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق جوابی کاپی کے نرخ دیئے ہیں۔

3 صفحہ نمبر 09 پر موجود Evaluation Criteria کے مطابق مطلوبہ کاغذات کی کاپیاں وپیپر کے نمونہ جات فراہم کردیے ہیں بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر مقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

**کال ڈیپازٹ**

| نمبر شمار | کال ڈیپازٹ نمبر | مورخہ | بنک کا نام و پتہ | بنک کا فون نمبر | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |

دستخط ومہر فرم

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

ٹینڈرنمبر:**3028**سٹورز ٹینڈرکھولنے کی تاریخ:**28-09-2026**

## ''فنانشل پروپوزل'' برائے خرید جوابی کاپی میٹرک (کیٹیگری-I)

نام فرم:------------------------------------------- پتہ:------------------------------------------

ای میل ایڈریس:----------------------------WhatsApp:-------------- موبائل نمبر:--------------------

**کیٹیگری**-I

| نمبرشمار | نام کاپی | تعدادصفحات | تعدادکاپی | تعدادبنڈل | نرخ فی عدد | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **1** | جوابی کاپی میٹرک (نہم، دہم) | 24 صفحات | 35,00,000 | 35,000بنڈل (100 کاپی فی بنڈل) | | |

**سرٹیفکیٹ**

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈرشرائط (عمومی،خصوصی وڈلیوری شیڈول) کا بغورمطالعہ کرلیا ہےاوران سے مکمل اتفاق ہے نیزان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہرکردہ تصریحات وشرائط کے مطابق جوابی کاپی کے نرخ دیئے ہیں۔دفتر کواہلیت کے ضمن میں درکارتمام کاغذات فراہم کردیے ہیں۔بصورت دیگراگرہماراٹینڈرمقابلہ میں شامل نہ کیا گیا توہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

3 ٹینڈر دہندہ کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بشمول تمام ٹیکسز دیں۔ نیز انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس ، یا کسی بھی اور قسم کے رائج الوقت ٹیکس (وفاقی/صوبائی) کی شرح میں تبدیلی (کمی/بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب ٹینڈردہندہ کے ذمہ ہوگی۔

4 ٹینڈرمیں پیش کردہ نرخوں کی معیادٹینڈرکی عمومی شرائط کی شق نمبر2 کے مطابق120 دن کے لیے متصورہوگی۔

**نوٹ :** نرخ بمعہ ٹیکسز واضح اوربغیرکانٹ چھانٹ کے تحریرکریں۔

**کال ڈیپازٹ**

| نمبرشمار | کال ڈیپازٹ نمبر | مورخہ | بنک کانام وپتہ | بنک کافون نمبر | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |

دستخط ومہرفرم

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

ٹینڈر نمبر:**3028** سٹورز

ٹینڈر رکھولنے کی تاریخ:**28-09-2026**

## ''فنانشل پروپوزل'' برائے خرید جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ (کیٹیگری-II)

نام فرم:---------------------------------------- پتہ:----------------------------------------

ای۔میل ایڈریس:-------------WhatsApp:-------------------موبائل نمبر:------------------

**کیٹیگری**-II

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | نرخ فی عدد | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **1** | جوابی کاپی<br>انٹرمیڈیٹ (پارٹI،II) | 32 صفحات | 23,00,000 | 23,000بنڈل<br>(100 کاپی فی بنڈل) | | |

**سرٹیفکیٹ**

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر رشرائط (عمومی،خصوصی وڈلیوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اوران سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق جوابی کاپی کے نرخ دیئے ہیں۔دفتر کو اہلیت کے ضمن میں درکار تمام کاغذات فراہم کردیے ہیں۔بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر رمقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

3 ٹینڈر دہندہ کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بشمول تمام ٹیکسز دیں۔ نیز انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس ،یا کسی بھی اور قسم کے رائج الوقت ٹیکس (وفاقی/صوبائی) کی شرح میں تبدیلی (کمی/بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب ٹینڈر ردہندہ کے ذمہ ہوگی۔

4 ٹینڈر میں پیش کردہ نرخوں کی معیاد ٹینڈر کی عمومی شرائط کی شق نمبر 2 کے مطابق 120 دن کے لیے متصور ہوگی۔

**نوٹ :** نرخ بمعہ ٹیکسز واضح اور بغیر کانٹ چھانٹ کے تحریر کریں۔

**کال ڈیپازٹ**

| نمبر شمار | کال ڈیپازٹ نمبر | مورخہ | بنک کا نام وپتہ | بنک کا فون نمبر | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |

دستخط ومہر فرم

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ، گوجرانوالہ

ٹینڈر نمبر:**3028** سٹورز ٹینڈر رکھولنے کی تاریخ:**28-09-2026**

## ''فنانشل پروپوزل'' برائے خرید عملی جوابی کاپی (کیٹیگری-III)

نام فرم:-------------------------------------پتہ:----------------------------------------------------

ای۔میل ایڈریس:--------------------------WhatsApp:-----------------------موبائل نمبر:---------------------

**کیٹیگری-III**

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | 1- نرخ فی عدد (بمعہ کور شیٹ سلائی) | مالیت | 2- نرخ فی عدد (بغیر کور شیٹ سلائی) | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عملی جوابی کاپی میٹرک | 04 صفحات | 6,25,000 | 2,500 بنڈل (250 کاپی فی بنڈل) | | | | |
| 2 | عملی جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ | 08 صفحات | 2,25,000 | 900 بنڈل (250 کاپی فی بنڈل) | | | | |
| | | | | | **کل مالیت** | | **کل مالیت** | |

**سرٹیفکیٹ**

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر رشرائط (عمومی، خصوصی وڈلیوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اوران سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق جوابی کاپی کے نرخ دیئے ہیں۔ دفتر کو اہلیت کے ضمن میں درکار تمام کاغذات فراہم کر دیے ہیں۔ بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر مقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

3 ٹینڈر دہندہ کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بشمول تمام ٹیکسز دیں۔ نیز انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، یا کسی بھی اور قسم کے رائج الوقت ٹیکس (وفاقی/صوبائی) کی شرح میں تبدیلی (کمی/بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ذمہ ہوگی۔

4 ٹینڈر میں پیش کردہ نرخوں کی معیاد ٹینڈر کی عمومی شرائط کی شق نمبر 2 کے مطابق 120 دن کے لیے متصور ہوگی۔

**5 دونوں اقسام کے نرخوں کی کل مالیت (بمعہ کور شیٹ سلائی اور بغیر کور شیٹ سلائی) کو ملا کر جس ٹینڈر دہندہ کے نرخ کم ترین ہوں گے وہ کامیاب تصور ہوگا تاہم ورک آرڈر صرف کسی ایک قسم (بمعہ کور شیٹ سلائی یا بغیر کور شیٹ سلائی) کے لیے جاری کیا جائے گا۔**

**نوٹ :** نرخ بمعہ ٹیکسز واضح اور بغیر کانٹ چھانٹ کے تحریر کریں۔

**کال ڈیپازٹ**

| نمبر شمار | کال ڈیپازٹ نمبر | مورخہ | بنک کا نام و پتہ | بنک کا فون نمبر | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |

دستخط و مہر فرم

# معــــــــــاهـــده

یہ معاہدہ مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو جناب سیکرٹری، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ (جسے بعد میں یہاں خریدار لکھا جائے گا) اور میسرز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(جسے بعد میں یہاں فراہم کنندہ لکھا جائے گا) کے درمیان طے پایا۔

جبکہ خریدار نے سامان/اشیاء جن کی تفصیل درج ذیل ہے خریدنے کے لیے پیش کش/ٹینڈر جاری کیا اور فراہم کنندہ/ٹھیکیدار نے جو نرخ پیش کیے وہ مبلغ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(ٹینڈر کی کل مالیت) خریدار نے قبول کر لیے ہیں۔

| نمبر شمار | نام کاپی | تعداد صفحات | تعداد کاپی | تعداد بنڈل | نرخ فی عدد | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | | |

اب یہ معاہدہ درج ذیل طور پر طے پایا:۔

1- اس معاہدہ میں الفاظ اوران کی وضاحت من وعن اسی طرح ہوگی جس طرح سے ان کا ذکر معاہدہ کی شرائط میں طے کیا گیا ہے۔

2- درج ذیل دستاویزات اس معاہدہ کے سلسلہ میں مرتب ہیں اور یہ طے کیا جاتا ہے کہ وہ اس معاہدہ کا حصہ ہیں۔

i. ٹینڈر نوٹس/ فارم اور ٹھیکیدار کی جانب سے فراہم کردہ نرخ/فنانشل پروپوزل۔

ii. اشیاء کی تفصیل/تصریحات و تعداد۔

iii. تمام فنی تصریحات/ٹیکنیکل پروپوزل۔

iv. تمام عمومی شرائط۔

v. تمام خصوصی شرائط۔

vi. فراہمی کے نظام الاوقات

vii. تفصیل بابت کمیٹی برائے ازالہ شکایات

viii. نرخوں کی منظوری کی چٹھی اور ورک آرڈر۔

ix. دفتر کی جانب سے کی جانے والی خط وکتابت۔

x. پیپرا رولز 2014(Amended upto date)

3- ٹھیکیدار/فراہم کنندہ خریدار کی جانب سے ادائیگیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے خریدار کو متذکرہ بالا اشیاء بمطابق معاہدہ بلانقص فراہم کرے گا۔

4- خریدار سامان کی سپلائی اور اس میں کوتاہیوں کے حل کو پیش نظر رکھتے ہوئے فراہم کنندہ کو معاہدہ کے مطابق وقت اور طریق کار کے تحت رقوم کی ادائیگی کرے گا۔

یہ معاہدہ متعلقین مذکور/ بااختیار نمائندگان کے درمیان مذکور بالا تاریخ کے مطابق طے پایا۔

دستخط و مہر خریدار

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دستخط و مہر ٹھیکیدار/فرم

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔